پریس ریلیز

جنرل ہسپتال کے ڈاکٹر عمیر رشید ،ایڈجنکٹ پروفیسر آف یو ایچ ایس مقرر، نوٹیفکیشن جاری

لاہور22 جولائی:...... یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز لاہور نے اپنے تعلیمی سال 2022-23 کیلئے ڈاکٹر عمیر رشید چیف کنسلٹنٹ نیورالوجسٹ اینڈ ہیڈ آف دی ڈیپارٹمنٹ آف نیورو ریڈیالوجی لاہور جنرل ہسپتال کو ایڈجنکٹ پروفیسر آف یو ایچ ایس (Adjunct Professor of UHS) مقرر کرتے ہوئے باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔ ڈاکٹر عمیر رشید یو ایچ ایس کے تعلیمی سال 2022-23 کے دوران سٹوڈنٹس کو تعلیم سے بہرہ مند کریں گے۔ پرنسپل پی جی ایم آئی وامیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر محمد الفرید ظفر نے ڈاکٹر عمیر رشید چوہدری کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ یو ایچ ایس میں تقرری بطور نہ صرف ان کے بلکہ لاہور جنرل ہسپتال کیلئے بھی اعزاز ہے جس سے یو ایچ ایس میں زیر تعلیم میڈیکل سٹوڈنٹس کو انتہائی تجربہ کار سینئر ڈاکٹرز سے سیکھنے کا موقع ملے گا بلکہ جنرل ہسپتال کی نیک نامی میں میں اضافہ ہوگا۔ ڈاکٹر عمیر رشید چوہدری کو لاہور جنرل ہسپتال میں پہلا سٹروک سنٹر قائم کرنے کا اعزاز حاصل ہے جہاں فالج کے مریضوں کا کامیابی سے علاج کیا جا رہا ہے اور اب تک بے شمار مریض اس سٹروک سنٹر میں علاج معالجہ کی جدید سہولیات سے مستفید ہو چکے ہیں۔ ڈاکٹر عمیر رشید چوہدری کا کہنا ہے کہ پہلی مرتبہ یو ایچ ایس نے نیورو ریڈیالوجی اینڈ نیورو انٹروینشن کے ماہرین کو نمائندگی دی ہیڈ اکٹر عمیر رشید چوہدری نے اس عزم کا اظہار کیا کہ یو ایچ ایس کے بورڈ آف گورنرز نے ان پر جو اعتماد کیا ہے ان کی توقعات پر پورا اترنے کیلئے اپنی پیشہ وارانہ صلاحیتیں بروئے کار لائیں گے اور سٹوڈنٹس کی تعلیم و تربیت میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھیں گے۔

☆☆☆☆

ڈاکٹر عمیر رشید چوہدری